## جمعیت علماء اسلام (ف) کے انتخابی دفتر میں بم دھماکے پر جناب الطاف حسین کا اظہار مذمت

لندن۔۔۔22، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ڈیرہ اسماعیل خان میں جمعیت علماء اسلام (ف) کے انتخابی دفتر پر بم دھماکے اوراس کے نتیجے میں ایک کارکن کے جاں بحق ہونے کی مذمت کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام (ف) کے انتخابی دفتر پر بم سے حملہ بزدلانہ کارروائی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن دیگر رہنماؤں اور جاں بحق کارکن کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور اس کی مغفرت کے لئے دعا کی ہے۔

## ایم کیوایم بلاتفریق رنگ، نسل وامتیاز عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے، ڈاکٹر صغیر احمد
## ایم کیوایم نے ملک کی تاریخ میں سب سے زیادہ فلاحی اور عوامی منصوبے بنائے ہیں، وسیم آفتاب
## سندھ گورنمنٹ قطر اسپتال میں خورشید بیگم میموریل بلاک کی افتتاحی تقریب سے رابطہ کمیٹی کے ارکان صغیر احمد اور وسیم آفتاب کا خطاب

کراچی۔۔۔22، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر صحت نے کہا کہ حق پرست نمائندے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق بلا امتیاز و رنگ نسل، زبان اور مذاہب عوام کی خدمت پر یقین رکھتے ہیں اور تمام تر نامساعد حالات کے باوجود عوام کو تعلیمی، معاشی، تفریحی، سیاسی، حقوق کے ساتھ ساتھ طبی سہولتوں کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اورنگی ٹاؤن میں واقع سندھ گورنمنٹ قطر اسپتال میں خورشید بیگم میموریل بلاک میں 80 بستروں پر مشتمل میڈیکل وارڈ، سرجیکل وارڈ اور 12 بستروں پر مشتمل میڈیکل آئی سی یو کے افتتاح کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب، نیک محمد کے علاوہ، اورنگی ٹاؤن کے حق پرست نمائندے، ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ذمہ دارانہ وکارکنان، قطر اسپتال کے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کے ارکان بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ طبی سہولتیں عوام کا بنیادی حق ہیں حق پرست نمائندوں نے غریب عوام کیلئے انتہائی سستے اور معیاری طبی مراکز قائم کیے ہیں، ہسپتالوں کو جدید طبی سہولتوں سے آراستہ کیا ہے۔ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیں ہمیشہ عوامی خدمت کا درس دیا ہے جس کا منہ بولتا ثبوت آج قائد تحریک جناب الطاف حسین کی والدہ کے نام سے منسوب سندھ گورنمنٹ اسپتال میں خورشید بیگم میموریل بلاک کا افتتاح ہے۔ اورنگی ٹاؤن اور گردونواح کے غریب عوام کیلئے سندھ گورنمنٹ اسپتال میں صوبے کا پہلا میڈیکل آئی سی یو قائم کر دیا گیا ہے۔ جہاں امراض قلب کے مریضوں کے علاج کیلئے کارڈیک یونٹ اور اسپتال میں پہلی بار بلامعاوضہ ڈائیلسس کی سہولت فراہم کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی ضرورت کو دیکھتے ہوئے جلد ہی اسپتال میں سی ٹی اسکین مشین کی تنصیب کے بعد نیوروسرجری یونٹ بھی قائم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ گورنمنٹ قطر اسپتال کو مزید اپ گریڈ کیا جائے گا اور مختلف جدید طبی یونٹ قائم کیے جائیں گے۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ تمام ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف مزید محنت اور تندہی سے کام کریں اور اپنے فرائض انتہائی ایمانداری سے ادا کریں تاکہ عوام کی زیادہ سے زیادہ خدمت کی جاسکے۔ رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے کہا کہ ایم کیوایم زبانی جمع خرچ کے بجائے عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک میں سیاست برائے خدمت کا نظریہ متعارف کرا کر انقلاب برپا کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اقتدار میں ہو یا اقتدار سے باہر عوام کو تمام تر بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں رہتی ہے۔ انہوں نے کہا متحدہ قومی موومنٹ وہ واحد جماعت ہے جس نے ملک کی تاریخ میں سب سے زیادہ فلاحی اور عوامی منصوبے بنائے ہیں اور انتہائی مختصر وقت میں انہیں پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ صوبائی وزیر صحت ورابطہ کمیٹی کے ارکان نے طبی ماہرین کے ہمراہ مختلف وارڈز کا معائنہ کیا اور مریضوں کی عیادت کی۔ اس موقع پر مریضوں اور شہریوں نے سندھ گورنمنٹ اسپتال اورنگی ٹاؤن میں جدید ترین طبی سہولتوں کی فراہمی پر متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اور حق پرست قیادت کا شکریہ ادا کیا۔ مریضوں اور شہریوں نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی صحت وسلامتی کیلئے دعا کی۔

## متحدہ کی رابطہ کمیٹی کے وفد کی تحریک انصاف کے صوبائی صدر عارف علوی سے ملاقات

کراچی۔۔۔22، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے چار رکنی نمائندہ وفد نے پیر کی شام پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی صوبائی صدر عارف علوی سے ان کی رہائشگاہ پر ملاقات کی اوران سے شہر میں امن وامان کی صورتحال، موجودہ بلدیاتی نظام اور بلدیاتی انتخابات سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ایم کیوایم کے وفد میں رضا ہارون، وسیم آفتاب، نیک محمد اورحق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر شامل تھے،اس موقع پر تحریک انصاف کے جنرل سیکریٹری اور دیگر عہدیداران بھی موجود تھے۔ ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں ہوئی جس میں دونوں جانب سے باہمی رابطوں پرزور دیا گیا اور موجودہ بلدیاتی نظام کومزید بہتر بنانے کیلئے اس میں ضروری ترامیم کر کے اس نظام کو برقرار رکھنے پر مکمل اتفاق کیا گیا۔عارف علوی نے سابقہ سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال اورحق پرست قیادت کی جانب سے ہونے والے ترقیاتی کاموں کوسراہتے ہوئے ان کی تعریف کی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین نے عارف علوی اورتحریک انصاف کے دیگر قیادت کونائن زیرو آمد کی دعوت دی جیسے عارف علوی نے قبول کرتے ہوئے اپنی آمد کا یقین دلایا۔

## گلستان جوہر کے محبوب ولد حبیب نامی شخص کا ایم کیوایم سے کوئی تعلق نہیں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔22/مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اپنے بیان میں وضاحت کی ہے کہ کراچی کے علاقے گلستان جوہر کے محبوب ولد حبیب نامی شخص کا ایم کیوایم سے کوئی تعلق نہیں ہے۔مذکورہ شخص ایک نفسیاتی مریض ہےاورخود ایم کیوایم کا رہنما کہتا ہے۔

## فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے الطاف حسین کی خدمات قابل ستائش ہیں، علامہ طالب جوہری

## الطاف حسین کی منہ بولی ماں آل فاطمہ کے چہلم پر خصوصی خطاب

کراچی۔۔۔22/مارچ2010ء

ممتاز شیعہ عالم علامہ طالب جوہری نے کہا ہے کہ فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے قیام اور بھائی چارگی کے فروغ کیلئے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی خدمات قابل ستائش ہیں، الطاف حسین واحد رہنماء ہیں جواپنے کارکنوں کی عملی تربیت کررہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز قائدتحریک الطاف حسین کی منہ بولی ماں اورایم کیوایم کی شعبہ خواتین انچارج ورکن قومی اسمبلی کشورزہرہ کی والدہ آل فاطمہ کے چہلم کی مجلس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔فاتحہ چہلم کے اجتماع میں شہر کی معزز شخصیات اورایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کے علاوہ حق پرست وزراء، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی اور مومنین کثیر تعداد نے شرکت کی۔

## ایم کیوایم گلستان جوہر، لیبر ڈویژن اور لیاقت آباد سیکٹر کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔22، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم گلستان جوہر سیکٹر جوہر B یونٹ کے کارکن انجم سلیم کی والدہ رقیہ بیگم، ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے ڈی اے یونٹ کے کارکن عرفان خان یوسف زئی کے والد دلاور خان اور لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 161 کے کارکن محمد کاظم کے والد محمد حمید کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔

☆☆☆☆☆